***12.03.2024***

***13.50 Hrs***

***HL-OPENNING***

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ماجد علی خان

**Music**

- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے گجرات میں احمدآباد سے 85 ہزار کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کے ریلوے پروجیکٹوں کا آغاز کیا اور 10 وندے بھارت ٹرینوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔
- ☆ وزیر اعظم آج راجستھان میں پوکھرن کے مقام پر فوج کی تینوں شاخوں پر مشتمل بھارت شکتی مشقوں کا مشاہدہ کریں گے۔
- ☆ ہریانہ کے وزیر اعلیٰ منوہر لال نے استعفیٰ دے دیا ہے۔
- ☆ قومی جانچ ایجنسی NIA نے دہشت گردوں اور جرائم پیشہ افراد کے درمیان سانٹھ گانٹھ کے کیس کے سلسلے میں پنجاب، ہریانہ، راجستھان اور مدھیہ پردیش میں 30 مقامات پر تلاشی کی کارروائی کی ہے۔
- ☆ بھارت نے وزیر اعظم نریندر مودی نے اروناچل پردیش کے دورے پر چین کی رائے زنی کو مسترد کردیا ہے۔
- ☆ اور کرکٹ میں، خواتین پریمیر لیگ میں آج شام نئی دلّی میں ممبئی انڈینس کا مقابلہ رائل چیلنجرس بینگلورو سے ہوگا۔

Music

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

***Gujjarat PM Visit***

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج صبح احمدآباد میں 85 ہزار کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کے کئی ریلوے پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور ملک کے نام وقف کیا۔ وزیر اعظم نے 10 نئی وندے بھارت ریل گاڑیوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ بھی کیا۔ اِن میں:- احمدآباد - ممبئی سینٹرل، سکندرآباد - وشاکھاپٹنم، میسورو ڈاکٹر ایم جی آر سینٹرل چینئی، پٹنہ - لکھنؤ، نیو جلپائی گڑی - پٹنہ، پوری - وشاکھاپٹنم، لکھنؤ - دہرہ دون، کلبرگی - سر ایم Visveshvaraya ٹرمینل بینگلورو، رانچی - وارانسی اور کھجوراہو - دلّی نظام الدین شامل ہیں۔

جناب مودی نے احمدآباد - جام نگر وندے بھارت سمیت چار موجودہ وندے بھارت ٹرینوں کی توسیعی خدمات کو بھی جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔

اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ بھارتی ریلوے کا فروغ NDA سرکار کی اوّلین ترجیحات میں شامل ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارتی ریلوے کا محکمہ سابقہ سرکاروں کی سیاسی خودغرضی کا شکار ہوتا رہا ہے لیکن اب پچھلے دس سال کے دوران اس میں بڑی کایاپلٹ ہوئی ہے۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ اقتدار میں آنے کے بعد سے اُن کی سرکار ریل نیٹ ورک کو وسعت دینے، ریل بنیادی ڈھانچے کو جدید طرز پر ڈھالنے، مسافروں کیلئے سہولیات میں اضافہ کرنے اور ریلوے پلیٹ فارمز پر بھارت میں تیار کی گئی اشیاء کی فروخت کو بڑھاوا دینے کیلئے لگاتار کام کرتی رہی ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ بھارتی ریلویز خودکفیل بھارت کیلئے ایک طاقتور وسیلے میں سے ایک ہے۔

وزیر اعظم نے بھارت کو نوجوانوں کا ملک قرار دیتے ہوئے کہا کہ آج جن پروجیکٹوں کا افتتاح کیا گیا ہے، وہ بھارتی نوجوانوں کے موجودہ دور کیلئے ہیں جبکہ جن پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا گیا ہے، وہ اُن کے روشن مستقبل کی گارنٹی لے کر آئے ہیں۔x

## PM POKHRAN

وزیراعظم نریندرمودی آج ہی راجستھان کے پوکھرن کا دورہ کررہے ہیں۔ پوکھران میں جناب مودی Tri ServicesLive Fire and Manoeuvre Exercises کی شکل میں ملک کی دفاعی صلاحیتوں میں تال میل کے مظاہرے بھارت شکتی کا بھی مشاہدہ کریں گے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ اِس پروگرام میں ملک میں ہی تیار کیے گئے ہتھیاروں کے نظام اور پلیٹ فارمس کا ملک کی طاقت کے طور پر مظاہرہ کیا جائے گا۔

انھوں نے کہا کہ پوکھرن ہر بھارتی کے ساتھ جذباتی طور پر جُڑا ہوا ہے۔

## Haryana CM Resigns

ہریانہ کے وزیر اعلیٰ منوہر لال نے استعفیٰ دے دیا ہے۔ اس سے قبل انھوں نے آج صبح چندی گڑھ میں ہریانہ راج بھون میں گورنر Bandaru Dattatreya سے ملاقات کی۔

لوک سبھا انتخابات کیلئے سیٹوں پر حصے داری کے سمجھوتے کے معاملے پر حکمراں مخلوط اتحاد میں اختلاف رائے کی قیاس آرائی کے تناظر میں جناب منوہر لال نے اپنی پوری کابینہ کے ساتھ استعفیٰ دیا ہے۔

اس طرح BJP اور جن نایک جنتا پارٹی کے درمیان اتحاد تقریباً ساڑھے چار سال کے بعد ختم ہوگیا ہے۔

اِدھر BJP نے دعویٰ کیا ہے کہ ریاست میں سرکار بنانے کیلئے اُسے مطلوبہ ارکان کی حمایت حاصل ہے۔

BJP نے 2019 کے انتخابات میں ہریانہ میں لوک سبھا کی سبھی 10 سیٹوں پر کامیابی حاصل کی تھی۔x

## CAA Website

سرکار نے شہریت ترمیمی ایکٹ 2019 کے تحت بھارتی شہریت حاصل کرنے کے اہل افراد کیلئے ایک نئے

پورٹل کا آغاز کیا ہے۔ اِس کیلئے درخواست دینے کے خواہشمند افراد اِس ویب سائٹ پرلاگ آن کرسکتے ہیں:
''انڈین سٹیزن شپ آن لائن ڈاٹ این آئی سی ڈاٹ آئی این''

امور داخلہ کی مرکزی وزارت موبائل ایپ کے ذریعے درخواستیں دینے میں سہولت کی خاطر موبائل ایپ CAA-2019 کا بھی آغاز کر رہی ہے۔ CAA-2019 کے تحت شہریت ترمیمی ضابطوں کو نوٹیفائی کردیا گیا ہے۔

مذکورہ ایکٹ کی رو سے افغانستان، بنگلہ دیش اور پاکستان میں زیادتیوں کا سامنا کرنے والے اقلیتی ہندو، سکھ، بودھ، جین، پارسی اور عیسائی برادری کے لوگ بھارتی شہریت حاصل کرسکیں گے۔

صدر جمہوریہ نے 12 دسمبر 2019 کو CAA کو منظوری دے دی تھی۔

## Assam CM CAA

آسام کے وزیر اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما نے زور دے کر کہا ہے کہ ریاست میں 2014 کے بعد آنے والے کسی بھی شخص کو شہریت نہیں دی جائے گی۔ آج صبح Sivsagar میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اگر کسی شخص نے شہریوں کے قومی رجسٹر NRC کیلئے درخواست نہیں دی ہے لیکن اُسے CAA کے ذریعے فائدہ مل گیا ہے تو وہ استعفیٰ دے دیں گے۔

جناب سرما نے کہا کہ اب لوگوں کو یہ معلوم ہوجائے گا کہ کتنے غیرملکی افراد شہریت کیلئے درخواست دے رہے ہیں اور پوری تصویر 45 دن کے بعد واضح ہوجائے گی۔x

## NIA Search

قومی جانچ ایجنسی NIA دہشت گردوں اور جرائم پیشہ افراد کے درمیان سازباز کے کیس کے سلسلے میں مختلف ریاستوں میں 30 مقامات پر سرگرم تلاشی کی کارروائی کر رہی ہے۔ یہ تلاشی پنجاب، ہریانہ، راجستھان، مدھیہ پردیش اور مرکز کے زیر انتظام علاقے چنڈی گڑھ میں لی جارہی ہیں۔x

## MEA Arunachal Pradeshi

بھارت نے وزیر اعظم نریندر مودی کے اروناچل پردیش کے دورے پر چین کی رائے زنی کو مسترد کردیا ہے۔ وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے زور دے کر کہا کہ اروناچل پردیش، بھارت کا اٹوٹ حصہ ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ جناب جیسوال نے کہا کہ بھارتی لیڈر وقتاً فوقتاً اروناچل پردیش کے دورے پر اُسی طرح جاتے ہیں جیسا کہ وہ ملک کی دیگر ریاستوں کا دورہ کرتے ہیں۔

انھوں نے یہ بھی کہا کہ چین کو کئی مرتبہ اِس موقف سے واقف کرایا گیا ہے۔x

## Prez Mauritius

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ بھارت ایک علمی معیشت بننے کیلئے تعلیم اور نوجوانوں کو بااختیار

بنانے کو ترجیح دے رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ خاص طور سے دیہی علاقوں میں نئی یونیورسٹیاں اور کالج بنانے کی خاطر اقدامات کیے گئے ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ پچھلے دَس سال میں 400 نئی یونیورسٹیاں، 75 مہارت کے انسٹی ٹیوٹ ، 14 نئے ایمس، سات نئے آئی آئی ٹیز اور آئی آئی ایمز تعمیر کیے گئے ہیں۔

صدرجمہوریہ نے ماریشس کی یونیورسٹی میں اعزازی ڈگری دینے کی ایک تقریب میں شرکت کے دوران یہ بات کہی۔ اِس تقریب کے دوران انھیں ڈاکٹر آف سول لاء کی ڈگری تفویض کی گئی ۔ بھارت ماریشس کے قریبی رشتوں کی اہمیت کو کو اُجاگر کرتے ہوئے صدرجمہوریہ نے کہا کہ دونوں ملک بحر ہند خطے کے خوشحال شراکت دار ہیں۔

انھوں نے مزید کہا کہ موریشس بھارت کی افریقہ سے متعلق پالیسی کیلئے ایک اہم شراکت دار ہے۔ انھوں نے موریشس کے نوجوانوں سے کہا کہ وہ بھارت سے جُڑے رہیں، تاکہ وہ اپنے ماضی پر فخر کرسکیں اور روشن مستقبل بناسکیں۔

صدرجمہوریہ مرمو نے آج موریشس کے قومی دِن کے موقع پر موریشس کے عوام کو اپنے نیک خواہشات پیش کیے۔ موریشس کے دورے کے اپنے دوسرے دِن صدرجمہوریہ مرموبھارتی نژاد لوگوں اور بھارتی برادری سے آج دوپہر MOKA کے مہاتما گاندھی انسٹی ٹیوٹ میں خطاب کریں گی۔x

## Ramzan

آج سے ملک بھر میں رمضان المبارک کا مہینہ شروع ہوگیا ہے۔ رویت ہلال کمیٹی نے کل رمضان کا چاند دیکھے جانے کا اعلان کیا جس کے بعد عقیدتمندوں نے بڑی تعداد میں تراویح کی نماز ادا کی جو پورے مہینے جاری رہے گی۔روزہ دار اس مہینے کے پورے ہونے کے بعد عیدالفطر مناتے ہیں۔ وزیراعظم نریندر مودی نے سب کو ماہ رمضان کی مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ یہ مہینہ سب کی زندگی میں خوشحالی لے کر آئے گا۔ x

## J&K Anti Drone Systems

جموں وکشمیر میں کنٹرول لائن اور سرحد سے متصل علاقے میں سکیورٹی کو مستحکم بنانے کے ایک اہم قدم کے طور پر فوج اور سرحدی حفاظتی فورس BSF نے سرحدی ضلعوں راجوری اور پنچھ میں جدید طرز کا ڈرون شکن نظام نصب کیا ہے۔ ڈرون شکن نظام کی مدد سے سرحد پار سے ہونے والی مشتبہ سرگرمیوں کی بروقت نگرانی کی جاسکے گی۔ خاص طور پر راجوری - پنچھ سیکٹر میں فوج نے اِس سال پاکستان کی جانب سے دراندازی کی دو بڑی کوششوں کو ناکام بنانے میں نمایاں کامیابی کی اطلاع دی ہے۔ اِس کے ساتھ ساتھ ڈرون کے خطرے کو دور کرنے کیلئے سرحدی علاقے میں کامیاب کارروائی کی گئی ہے۔x

## J&K Lok sabha Polls

جموں وکشمیر میں آئندہ لوک سبھا انتخابات میں ووٹروں کے زیادہ سے زیادہ تعداد کو یقینی بنانے کی خاطر 85 سال سے زیادہ عمر والے افراد اور چالیس فیصد سے زیادہ معذوری والے افراد کیلئے پوسٹل ووٹ کے انتظامات کیے گئے

ہیں۔جموں سے آکاشوانی کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اِس قدم سے اُن لوگوں کو ووٹ دینے میں آسانی ہوگی، جن کو چلنے پھرنے کی یا دوسری دشواریاں پیش آتی ہیں۔ چیف انتخابی افسر پی کے پُول نے کہا کہ ہر ضلع میں خواتین کیلئے پنک بوتھ ، معذور افراد کیلئے خصوصی بوتھ اور نوجوانوں کیلئے بھی الگ سے بوتھ بنانے کی کوششیں کی جارہی ہیں۔ اِس کے علاوہ خصوصی پولنگ اسٹیشن پر خواتین عملے کو تعینات کیا جائے گا، جبکہ دیگر پر خصوصی طور سے معذور افراد کی تعینات کی جائے گی۔ اِس کے علاوہ اِن بوتھوں پر 25 سال کم ایسے نوجوانوں کو تعینات کیا جائے گا، جنھوں نے سرکاری محکموں میں تین سال خدمات انجام دی ہوں۔

## WPL

خواتین پریمیر لیگ میں آج دلّی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں ممبئی انڈینس کا مقابلہ رائل چیلنجرس بینگلورو سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔

کل رات کھیلے گئے ایک میچ میں گجرات جائنٹس نے یوپی واریئرس کو آٹھ رن سے ہرا دیا۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے گجرات کی ٹیم نے مقررہ 20 اوورس میں آٹھ وکٹ پر 152 رن بنائے۔ کپتان Beth Mooney نے صرف 52 گیندوں پر تیز رفتار 74 رن اسکور کئے اور آخر تک آؤٹ نہیں ہوئیں۔

یوپی کی ٹیم پانچ وکٹ پر 144 رن ہی بنا سکی، حالانکہ دیپتی شرما نے 60 گیندوں پر 88 رن اسکور کئے اور ناٹ آؤٹ رہیں۔ گجرات جائنٹس کی طرف سے 16 سالہ تیز گیندباز شبنم شکیل نے تین وکٹ لئے۔x

## Table Tennis

ٹیبل ٹینس میں بھارت کے

Achanta Sharath Kamal سنگاپور Smash ٹورنامنٹ میں مردوں کے سنگلز زمرے کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

انھوں نے چلی کے Nicholas Burgos کو تین-صفر سے شکست دی۔ اب اُن کا مقابلہ سلووینیا کے Daro Jorgic سے ہوگا۔

خواتین کے ڈبلز میں مکھرجی بہنیں Sutirtha اور Ayhika جاپان کی جوڑی کو تین-دو سے ہرا کر اگلے راؤنڈ میں پہنچ گئی ہیں۔x

☆☆☆☆